



# وُسی کی بہن نے کیا کہا؟


- Nina Orange
- Wiehan de Jager
- Samrina Sana
- Urdu
- Level 4




ایک صبح ہوسی کی نانی نے اُ سے بلایا، ہوسی، مہربانی کر کے یہ انڈہ اپنے امی ابو کے پاس لے جاو۔ وہ تمہاری بہن کی شادی کے لیے ایک بڑا کیک بنانا چاہتے ہیں۔




اپنے والدین کی طرف جاتے ہوئے، ہوسی دو لڑکوں سے ملا جو کہ پھل چُن رہے تھے۔ ایک لڑکے نے ہوسی سے انڈہ کھیچا اور درخت پر دے مارا۔ انڈا ٹوٹ گیا۔




یہ تم نے کیا کیا؟ موسی رویا! یہ انڈہ کیک کے لیے تھا۔ کیک میری بہن کی شادی کے لیے تھا۔ میری بہن کیا کہے گی اگر اُس کی شادی پر کیک نہ ہوا؟




لڑ کے ہوسی کو تنگ کر نے پر شرمندہ تھے۔ ہم کیک کے لیے تو تمہاری مدد نہیں کر سکتے، لیکن یہ چلنے کے لیے چھڑی اپنی بہن کے لیے رکھ لو۔ ایک لڑ کے نے کہا، ہوسی نے سفر جاری رکھا۔




راستے میں وہ دو مردوں سے ملا جو کہ گھر تعمیر کر رہے تھے۔ کیا ہم یہ مضبوط چھڑی استعمال کر سکتے ہیں؟ ایک نے پوچھا؟ لیکن چھڑی گھر تعمیر کرنے کے لیے اتنی مضبوط نہ تھی اور وہ ٹوٹ گئی۔




یہ تم نے کیا کیا؟ موسی رویا! یہ چھڑی میری بہن کا تحفہ تھا۔ پھل چننے والوں نے مجھے یہ تحفہ دیا کیونکہ اُنہوں نے کیک کے لیے انڈہ توڑ دیا۔ کیک میری بہن کی شادی کے لیے تھا۔ اب میرے پاس نہ انڈہ ہے، نہ کیک اور نہ ہی کوئی تحفہ۔ میری بہن کیا کہے گی؟




تعمیر کر نے وا لے چھڑی توڑ نے پر شرمندہ ہو ئے۔ ہم تمہاری مدد کیک کے لیے نہیں کر سکتے۔ لیکن تمہاری بہن کے لیے کچھ گھاس ہے۔ ایک نے کہا۔ اور ہوسی نے اپنا سفر جاری رکھا۔




راستے میں، وسی ایک کسان اور ایک گا ئے سے ملا۔ کیا لذیذ گھاس ہے؟ کیا مجھے ایک گٹھی مل سکتی ہے؟ گا ئے نے پوچھا۔ لیکن گھاس اتنا مزیدار تھا کہ گا ئے سارا کھا گئی۔




یہ تم نے کیا کیا؟ موسی رویا! وہ گھاس میری بہن کے لیے تحفہ تھا۔ تعمیر کرنے والوں نے مجھے وہ گھاس دیا کیونکہ اُنہوں نے پھل چننے والوں کی دی ہوئی چھڑی توڑ دی۔ پھل چننے والوں نے مجھے وہ چھڑی دی کیونکہ اُنہوں نے وہ انڈا توڑ دیا جو میری بہن کی شادی کے کیک کے لیے تھا۔ اور کیک میری بہن کی شادی کے لیے تھا۔ اب نہ میرے پاس انڈہ ہے، نہ کیک ہے، نہ ہی تحفہ۔ میری بہن کیا کہے گی؟



گا ئے اپنے لالچی پن پر بہت شرمندہ ہوئی۔ کسان اس بات پر راضی ہو گیا کہ گا ئے وسی کے ساتھ بطور تحفہ جا ئے گی۔ اور اس طرح وسی نے اپنا سفر جاری رکھا۔



لیکن گا ئے بھاگتی ہوئی کسان کے پاس آئی کیونکہ وہ کھا نے کا وقت تھا اور روسی اپنے سفر میں کہیں کھو گیا۔ وہ اپنی بہن کی شادی پر بہت دیر سے پہچا۔ مہمان پہلے ہی کھانا کھا ر ہے تھے۔



اب میں کیا کروں؟ موسی رویا! وہ گائے جو بھاگ گئی ایک تحفہ تھی اُس گھاس کے بدلے جو مجھے تعمیر کرنے والوں نے دیا۔ تعمیر کرنے والوں نے مجھے وہ گھاس اس لیے دی کیونکہ اُنہوں نے مجھے پھل چننے والوں کی طرف سے دی گئی چھڑی کو توڑ دیا تھا۔ پھل چننے والوں نے مجھے وہ چھڑی اس لیے دی کیونکہ اُنہوں نے کیک کے لیے انڈا توڑ دیا تھا۔ کیک شادی کے لیے تھا۔ اب نہ انڈہ ہے، نہ کیک اور نہ ہی کوئی تحفہ۔



وُسی کی بہن نے تھوڑی دیر کے لیے سوچا۔ پھر اُس نے کہا وُسی یرے بھائی جبے تمہارے تحفوں کی واقعی کوئی پرواہ نہیں ہے نہ ہی جھے اُس کیک کی پرواہ ہے۔ ہم سب یہاں اکھٹے ہیں، یں خوش ہوں۔ اب جا کر اپنے اچھے سے کپڑے پہنو، چلو آج کے دن کی خوشیاں منا تے ہیں! اور یہی وُسی نے کیا۔

# Storybooks Outline

global-asp.github.io/storybooks-outline

## وُسی کی بہن نے کیا کہا؟


Written by: Nina Orange
Illustrated by: Wiehan de Jager
Translated by: Samrina Sana



This story originates from the African Storybook (africanstorybook.org) and is brought to you by Storybooks Outline in an effort to provide children's stories in the world's many languages.



This work is licensed under a Creative Commons Attribution 3.0 International License.